# 19th Meeting of the Working Mechanism for Consultation & Coordination on India-China Border Affairs

September 30, 2020

---

## بھارت چین سرحدی امور پر مشاورت اور رابطے کیلئے ورکنگ میکانزم کا 19 واں اجلاس

30 ستمبر، 2020

بھارت چین سرحدی امور پر مشاورت اور رابطے کیلئے ورکنگ میکانزم (ڈبلیو ایم سی سی) کا 19 واں اجلاس 30 ستمبر، 2020 کو منعقد ہوا۔ ہندوستانی وفد کی قیادت وزارت خارجہ کے جوائنٹ سکریٹری (مشرقی ایشیا) نے کی، جبکہ چینی وفد کی قیادت، چینی وزارت خارجہ کے ما تحت باؤنڈری اور سمندری امور شعبہ کے ڈائریکٹر جنرل نے کی۔

2۔ دونوں فریقوں نے بھارت چین سرحدی علاقوں میں لائن آف ایکچول کنٹرول (ایل اے سی) پر موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا، اور 20 اگست، 2020 کو ڈبلیو ایم سی سی کے آخری اجلاس کے بعد ہوئی پیش رفت پر واضح اور مفصل گفتگو کی۔ دونوں فریقین اس ماہ کے شروع میں دونوں وزرائے دفاع اور دونوں وزرائے خارجہ کے مابین ہونے والی ملاقاتوں کو اہمیت دی ہے۔ انہوں نے یہ بھی ذکر کیا کہ دونوں وزرائے خارجہ کے مابین معاہدے پر خلوص نیت سے عمل کیا جانا چاہئے تاکہ ایل اے سی کے پاس تمام متنازعہ مقامات پر فوج کے پیچھے ہٹنے کو یقینی بنایا جاسکے۔

3۔ اس سلسلے میں، دونوں فریقوں نے 21 ستمبر کو چھٹے سینئر کمانڈر اجلاس کے نتائج کا مثبت جائزہ لیا۔ انہوں نے سینئر کمانڈروں کی آخری ملاقات کے بعد جاری مشترکہ پریس ریلیز میں دیئے گئے اقدامات کو عملی جامہ پہنانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ غلط فہمیوں سے بچا جا سکے اور زمین پر استحکام برقرار رہے۔ اس تناظر میں، دونوں فریقین نے خاص طور پر زمینی کمانڈروں کے مابین مواصلات کو مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

4۔ دونوں فریقین نے سفارتی اور فوجی سطح پر قریبی مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ اس سلسلے میں، انہوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ سینئر کمانڈروں کی میٹنگ کا اگلا (ساتواں) دور جلد ہی شروع ہونا چاہئے تاکہ دونوں فریق موجودہ دوطرفہ معاہدے اور پروٹوکول کے مطابق ایل اے سی پر فوجیوں کی جلد اور مکمل پیچھے ہٹنے کی طرف کام کرسکیں۔ ، اور مکمل طور پر امن وشانتی کو بحال کریں۔

**نئی دہلی**

**30 ستمبر، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.